قائداعظم کی بیٹی دیناواڈیا98/برس کی عمر میں انتقال کر گئیں، شہباز شریف کا اظہار افسوس

نیویارک (مانیٹرنگ سیل، جنگ نیوز) بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کی اکلوتی صاحبزادی دیناواڈیا98/برس کی عمر میں نیویارک میں انتقال کر گئیں، وہ15/اگست 1919ء کو لندن میں پیدا ہوئیں۔ دینا واڈیا نے سوگواروں میں ایک صاحبزادے نوسلی واڈیا، بہواور2/پوتوں کو چھوڑا ہے۔انہوں نے 2004ء میں پاکستان کا دورہ بھی کیا تھا کراچی میں اپنے والد کے مزار کا دورہ کیا تھا اور وزیٹرز بک میں اپنے تاثرات بھی درج کئے تھے۔ وزیراعلیٰ پنجاب شہباز شریف ، ایم کیو ایم پاکستان کے سربراہ فاروق ستار اور دیگر نے دیناواڈیا کے انتقال پر اظہار تعزیت کیا۔ جمعرات کو خاندانی ذرائع کے مطابق قائداعظم کی صاحبزادی دیناواڈیا انتقال کر گئیں ۔ انکی عمر98/برس تھی وہ 15/ اگست1919ء کو لندن میں پیدا ہوئیں۔انہوں نے عمر کا بیشتر حصہ بھارتی شہر ممبئی میں گزارا اور وہیں شادی کے بندھن میں بھی بندھ گئی تھیں۔دیناواڈیا نے سوگواروں میں ایک صاحبزادے نوسلی واڈیا، بہو اور 2/پوتوں کو چھوڑا ہے۔ دیناواڈیا1948ء میں پہلی بار اس وقت پاکستان آئیں جب ان کے والد محمد علی جناح کا انتقال ہوا تھا۔ وہ آخری بار 2004ء میں اپنے بعض قریبی عزیزوں کے ہمراہ پاکستان آئیں۔ اس دورے کے دوران اپنے والد کے مقبرے کا دورہ کرنے کے بعد انہوں نے وزیٹرز بک پر لکھا ’’یہ بہت زبردست اور اداس کردینے والا لمحہ ہے، خدا پاکستان کے بارے میں جناح کے خواب کو پورا کرے‘‘۔ وزیراعلیٰ پنجاب شہباز شریف نے قائداعظم محمد علی جناح کی بیٹی دیناواڈیا کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ کراچی اسٹاف رپورٹر کے مطابق متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے سربراہ ڈاکٹر فاروق ستار نے بھی بانی پاکستان دیناواڈیا کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے انکی وفات کو قیمتی نقصان قرار دیا۔ علاوہ ازیں متحدہ قومی موومنٹ کے بانی نے بھی دیناواڈیا کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔